بادۂ خیام

پروفیسر غلام دستگیر شہاب

بادۂ خیّام

رباعیاتِ خیام کا منظوم ترجمہ

پروفیسر غلام دستگیر شہاب

© جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ

مہاراشٹر اسٹیٹ اُردو اکاڈمی کے جزوی مالی تعاون سے

اشاعت : دسمبر ۱۹۸۳ء

تعداد : ایک ہزار

کتابت : اکبر مرزا مالیگاؤں

طباعت : مہاراشٹر پرنٹنگ اسکول پونہ۔

قیمت : ۲۵ پچیس روپے

ناشر : ظفر اقبال

۴۳۸، سینٹر اسٹریٹ۔ پونہ ۱

تقسیم کار :

- مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، پرنسیس بلڈنگ۔ محمد علی روڈ۔ بمبئی ۳
- مکتبہ آموزگار، کاشانۂ سہیل۔ ۲۷، بھوانی پیٹھ۔ جلگاؤں
- محب بکڈپو، محمد علی روڈ، بمبئی ۳
- نفیس بکڈپو، کیمپ مارکیٹ۔ پونہ ۱

انتساب

مادرِ علمی

- مدرسہ عثمانیہ، ایولہ ضلع ناسک
- اینگلو اردو ہائی اسکول، پونہ
- واڈیا کالج، پونہ

کے نام!

جن کے حیات پرور ماحول نے
میرے فکر و فن کو جلا بخشی۔

پروفیسر غلام دستگیر شہاب
سابق صدر شعبۂ اردو فارسی۔ پونہ یونیورسٹی

بادۂ خیام اور سہیل

خیام مجھے نوعمری سے پسند ہے۔ جب پڑھتا تھا تب سے رباعی پسند تھی۔ ملازم ہوا تو تیسرے سال کاس الکرام، رباعیات عمر خیام، شرح ادیب ایبٹ آبادی منگوائی۔ بہترین کتاب تھی ضائع ہوگئی۔ وہ ابواب قائم کر کے ہر باب کی ابتدا شعرا گرامی کے اشعار سے کرتے پھر رباعی پر آتے۔ رباعی، مشکل الفاظ اور شرح لکھتے۔ کتاب کا دیباچہ بہت طویل تھا۔ انگریزی کے اسکالر تھے۔ تمام یورپی اہل قلم کی غلطیاں بتائیں مگر ادب کے ساتھ۔

اس کتاب میں پانچ سو سے زیادہ رباعیاں تھیں۔ سید سلیمان کی خیام (ریسرچ) دیکھی، اس میں صرف ڈھائی سو تھیں۔

ایک نسخہ ۱۹۳۲ء میں پونہ میں مل گیا تھا۔ جیبی سائز ٹائپ کا، کاغذ عمدہ، طہران کا چھپا ہوا۔ کسی گورنر نے چند سطریں دیباچہ کے ساتھ چھاپا تھا۔ وہ میری جیب میں دس برس رہا۔ ایک مہربان لے گئے۔ پھر سے نوبت نہیں آئی نہ اچھا نسخہ ملا۔

میں نے ۱۹۷۳ء میں مسلم صاحب سے کہہ کر سلام سندیلوی ڈاکٹر کی "اردو رباعیات" منگوائی۔ ضخیم کتاب ہے۔ میری رعایت سے لائبریری میں آئی۔ اسے دیکھا، اچھی کتاب ہے۔ "روپ" فراق کی ۱۹۴۶ء میں دیکھ چکا تھا۔

اس کا ننگا پن میری طبیعت کے منافی ہے۔ پسند نہیں، اگرچہ مصوّر اچھے تھے۔ جاں نثار اختر کی "گھر آنگن" بھی دیکھی، سادہ ہے۔ عورت پر کتاب مشتمل ہے۔

بہرحال قدمار کی بیشتر رباعیاں خواہ اُردو کی ہوں خواہ فارسی کی، خوب دیکھیں۔ آسی شارح دیوانِ غالب کی رباعیاں اور شفق عماد پوری کی کتابی رباعیاں منگوائیں، انھیں دیکھا۔ آسی خالی خولی ہیں۔

شاد عظیم آبادی کی رباعیات بڑے اہتمام سے چھپی ہیں۔ معزز آدمی تھے۔ ان کی رشتہ دار کوئی اونچی ڈگری کی عورت ہے اس نے دیباچہ لکھا۔

مناظر احسن گیلانی کا دیباچہ غضب کا ہے۔ رباعیاں زبان کے اعتبار سے خوب ہیں۔ خیام کا مزہ نہیں۔

یگانہ چنگیزی غضب کی رباعی کہتے تھے، کاش وہ لڑاکے اور مذہب بیزار نہ ہوتے۔ ۱۹۳۳ء میں "ترانہ" منگوایا۔ پچاس ساٹھ رباعیوں کا جواب اُردو میں نہیں۔ جوش اور فراق ماند پڑتے ہیں۔ اگرچہ جوش نے حد کر دی ہے۔ ہزاروں رباعیات لکھنے والا خرافات پر اُتر آیا، فلسفے میں خام تھا۔

میں نے دبیر اور انیس کی رباعیاں بھی دیکھیں۔ شوکت اور صفائی میں انیس اور معنی آفرینی اور رعایتِ لفظی کے بعض انوکھے محاسن دبیر کے ہاں زیادہ ہیں۔ محوی لکھنوی، محروم، ضیار فتح آبادی، لبھو رام جوش بھی اچھے ہیں۔ محروم کافی سنجیدہ نگار ہیں۔ محمود اسرائیلی مرحوم نے رباعیاں لکھی ہیں، بہت صاف اور مؤثر۔ بچوں کے لیے الگ رباعیاں ہیں۔ بہت محنتی بزرگ

تھے اور جوانی میں اسلامی ممالک کی سیر کر چکے تھے۔ مولانا محمد علی کے سکریٹری بھی رہے۔ مجھے کہتے تھے: "میاں تمھاری فارسی اچھی ہے مگر بند کرو، کون داد دے گا۔ ایران نے غالب کو منھ نہیں لگایا۔" وہ خود انگریزی نظموں کا مجموعہ لکھ چکے تھے۔ کسی قابل انگریز کو سنایا تو اس نے کہا خوب ہے۔ مگر انگریز کب مانے گا۔ آج کل کوئی فاروقی ہیں وہ بھی لکھ رہے ہیں۔

نریش کمار شاد کو میں نے ارکانِ رباعی سمجھائے تھے۔ ۱۲ رباعیاں انھوں نے لکھی تھیں۔ نہایت خوبصورت رومانی تھیں۔ ان کو میں نے کہا تھا کہ اگر دو سو لکھو تو تم زندۂ جاوید ہو جاؤ گے۔ معلوم یہ ہوا رباعی میں مجاز مطلق رومانی کی گنجائش نہیں ہے۔ خود جوش نے ساٹھ ستّر رباعیاں نہایت اچھی لکھی ہیں مگر اس سے زیادہ نہ لکھ سکے۔

پچاس برس پہلے آغا شاعر قزلباش کا ترجمہ جو خیام کی رباعیوں کا تھا، دیکھا۔ دل کو نہ لگا۔ قدیم ترین لوگوں کے نام یاد نہیں، ان کے ترجمے بھی برائے نام تھے۔

امجد حیدرآبادی، قدرت کا نہایت شریف بندہ، الفاظ سلیس و رواں، آیاتِ قرآنی کا مفسّر، اخلاق کا ترجمان، شریف لوگوں نے اس کا جشن منایا۔ ماجد دریابادی شریک ہوئے۔ دو مجموعے خوبصورت چھپے۔ اللہ کی رحمت ہو اُن پر۔

میں نے جو کچھ کہا ہے قابلِ اعتنا نہیں ہے۔ بدنام ہوا تو کیا کرتا، اسی سے دل بہل گیا۔ اب چھ، سات سو رباعیاں حالات و واقعات اور

وطن کی بدنظمی پر ہوئی ہیں۔ بس اظہارِ خیال ہے، جیسے سیماب کا 'عالمِ آشوب'

فارسی اپنی ساخت کے اعتبار سے اور ترنم کے لحاظ سے دنیا کی منفرد زبان ہے۔ ترنمِ الفاظ سے معانی کے محاسن بڑھ جاتے ہیں۔ جیسے ٹیگور کی بنگالی نظموں کی صورت ہے۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ سنسکرت کو بھی ان خوبیوں سے مالامال پایا۔ فارسی اسی سے نکلی ہے لیکن ایرانی فطرت کی نفاست سے نفیس تر ہوگئی ہے۔

خیام سے بہتر کہنے والا کوئی نہیں۔ آپ کے ترجمے خوب ہیں۔ سہل ممتنع، ترجمے میں آسانی، جہاں آزاد ترجمہ ہے وہ بھی خوب ہے۔ آپ کے ترجمے سے جی خوش ہوگیا۔ دقیق مضامین جو صوفیانہ رباعی گو تھے انھوں نے پیدا کیے۔ جن میں سلاست کم، تلازمِ لفظی اور تقابلِ تجنیس بھی کم سے کم تر ہے جو نظم کے لیے خوش وضع لباس ہے۔ آپ نے بڑی محنت کی ہے تب کہیں خیام کی سہل ترین رباعیاں اُردو قالب میں اس طرزِ نگارش میں آئیں۔ بہرحال آپ کی اُردو رباعیاں یقینی طور پر اہلِ نظر اور باذوق اصحاب پسند کریں گے۔

سہیل مالیگانوی

۱۳، اپریل ۱۹۸۳ء

پیش لفظ

۱۸۵۷ء میں فٹز جرلڈ نے رباعیاتِ خیام کا انگریزی رباعیوں میں ترجمہ کیا۔ اس کے نتیجے میں خیام کو عصر حاضر میں جو عالمگیر شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی ہے وہ کسی اور مشرقی شاعر کو نصیب نہیں ہوئی۔ بلاشبہ خیام جاوداں بن چکا ہے۔ دنیا کی تقریباً تمام مہذب زبانوں میں خیام کی رباعیات کا ترجمہ ہو چکا ہے۔ اُردو میں بھی اس کے ترجمے ہوئے ہیں۔ ان میں آغا شاعر قزلباش کا "خمکدۂ خیام" پروفیسر واقف مرادآبادی کا "ترجمۂ خیام" اور عبدالحمید عدم کی کتاب "دو جام" قابلِ ذکر ہیں۔

ہندوستان کی اکثر یونیورسٹیوں میں حافظ اور سعدی کے ساتھ ساتھ خیام بھی نصاب میں شامل ہے۔ درس و تدریس کے زمانے میں مَیں نے محسوس کیا کہ فارسی رباعی کی شرح کرتے وقت اگر اس کا اُردو رباعی میں ترجمہ پیش کیا جائے تو طلبہ کی دلچسپی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہی حقیقت میرے لیے ترجمہ کی محرک بنی اور میں نے ابتداءً تیس چالیس رباعیوں کا ترجمہ کر ڈالا۔

جب زیڈ۔ عابد (مرحوم) پونہ آئے تو میں نے انھیں یہ رباعیاں سنائیں۔ وہ بہت خوش ہوئے اور مصر ہوئے کہ میں یہ سلسلہ جاری رکھوں۔ ۱۹۸۱ء میں مَیں کالج کی ملازمت سے سبکدوش ہوا اور اس کے بعد عمر خیام کا ترجمہ میرا

اہم مشغلہ بن گیا۔ میں رباعیوں کے ترجمے کرتا اور انھیں اپنے ہم مشربوں ڈاکٹر امانت، پروفیسر سریش ناڈکرنی، بشیر احمد انصاری، حنیف ساغر اور امان اختر کو سناتا۔ اس سے میرے حوصلوں کو تازگی ملتی۔

"بادۂ خیام" میں خیام کی تقریباً دو سو رباعیوں کا اُردو میں ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔ رباعیوں سے قبل خیام کے سوانح حیات، اس کی تصنیفات اور رباعیات پر تبصرہ ہے۔ اس کی ترتیب میں مولانا سید سلیمان ندوی کی فقید المثال تصنیف "خیام" سے استفادہ کیا گیا ہے۔

خیام کے سلسلے میں میں نے بہت ساری انگریزی، فارسی اور اُردو کتابیں دیکھ ڈالی ہیں لیکن مولانا سید سلیمان ندوی کی "خیام" سے بہتر اور مدلل معلومات اور کہیں نہیں ہیں۔ خیام کے عربی اور فارسی رسائل کی روشنی میں خیام کے افکار و نظریات کا جو جائزہ مولانا نے پیش کیا ہے اور اس کے آئینے میں خیام کی شخصیت کے جو خدوخال نمایاں ہوتے ہیں وہ کسی اور تصنیف میں نظر نہیں آتے۔

دوسرا مسئلہ خیام کے صحیح نسخہ اور آوارہ گرد اور مخلوط و مشترک رباعیوں کا ہے۔ اس کے ابتدائی نسخوں میں رباعیوں کی تعداد دو ڈھائی سو سے زیادہ نہیں ہے۔ لیکن امتدادِ زمانہ سے اس میں اضافہ ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ نولکشور ایڈیشن میں ان کی تعداد ۷۷۰ ہے۔ لہٰذا ان غیر خیامی رباعیوں کے انبار میں خیام کی اصل رباعیاں کھو سی گئی ہیں اور خیام کی سیرت اور شاعرانہ شخصیت کے خدوخال مسخ ہو کر رہ گئے ہیں۔ لہٰذا اس مسئلہ پر بھی مولانا نے جس انداز سے بحث کی

ہے اور مخلوط و مشترک رباعیوں کی گتھی سلجھانے کی کوشش کی ہے وہ نہایت ہی اہم ہے۔ اس سے خیام کی اصل رباعیوں کی جانچ پڑتال میں مدد مل سکتی ہے۔ اور ہم یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ خیام کی اصل رباعیاں کونسی ہو سکتی ہیں اور غیر خیامی رباعیاں کونسی۔

اس کے علاوہ خیام کے سوانح اور زندگی کے حالات جس قدر شرح و بسط سے یہاں دیے گئے ہیں وہ دوسری کتابوں میں موجود نہیں ہیں۔

مولانا صباح الدین عبدالرحمٰن دارالمصنفین اعظم گڈھ کا ممنون ہوں کہ انھوں نے استفادہ کی اجازت عنایت فرمائی۔

حضرت سہیل مالیگانوی ("سفینہ" اور "درد و داغ" کی رباعیات کے مصنف) اور ڈاکٹر امانت صاحب نے رباعیات کے سلسلے میں جو مفید مشورے دیے ہیں اس کے لیے میں اُن کا مشکور ہوں۔

محبی بشیر احمد انصاری، امان اختر اور حکیم رازی صاحبان کا سپاس گزار ہوں کہ "بادۂ خیام" کے آغاز سے لے کر اس کی اشاعت کے تمام مرحلوں میں ان کا تعاون حاصل رہا ہے۔

دستیر مالک

دسمبر ۱۹۸۳ء

عمر خیّام

سوانح، تصانیف اور تبصرہ

۴۴۰ھ - ۵۲۶ھ ـــــــــــــــ ۱۰۴۸ء - ۱۱۳۲ء

حکیم عمر خیّام ۴۴۰ھ (۱۰۴۸ء) میں نیشاپور میں پیدا ہوا اور ۵۲۶ھ (۱۱۳۲ء) میں اپنے وطن ہی میں راہیٔ عدم ہوا اور حیرہ نامی قبرستان میں مدفون ہوا۔ انتقال کے وقت اس کی عمر تقریباً ۸۶ سال کی تھی۔

خیّام کا نام عمر، والد کا نام ابراہیم اور تخلّص خیّام تھا۔ بعض عربی اور فارسی کتابوں میں اس کا نام الخیامی اور الخیمی بھی مذکور ہے۔ لیکن اس نے بحیثیت شاعر ہمیشہ خیّام تخلص استعمال کیا ہے۔ عربی میں خیّام کے معنی خیمہ دوز یا خیمہ ساز کے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے آباو اجداد کا پیشہ خیمہ دوزی تھا۔

خیّام کے زمانے میں نیشاپور علوم و فنون کا مرکز تھا۔ بکثرت مدرسے اور بڑی بڑی درسگاہیں تھیں۔ جتنے فرقے اور جماعتیں تھیں اتنی ہی درسگاہیں تھیں۔ ایسے ماحول کی آغوش میں خیّام پلا، بڑھا اور پروان چڑھا۔ اور سترہ سال کی عمر میں اپنے ہمعصروں سے بڑھ کر کمال حاصل کیا۔

خیّام نے ہندسہ اور علم ہیئت کی تعلیم ابوالحسن انباری جیسے مشہور استاد

سے حاصل کی۔ مجسطی جو یونانی ہیئت کی سب سے بڑی اور مشہور کتاب ہے اسی استاد سے پڑھی۔ فلسفہ غالباً ابوسینا یا اس کے شاگرد ابومنصور حسین اصفہانی سے سیکھا۔ وہ ابوعلی سینا کو اپنا استاد (معلمی) کہتا تھا۔ انتقال کے وقت بھی ابوعلی سینا کی مشہور کتاب شفا کی الٰہیات خیام کے زیرِ مطالعہ تھی۔

خیام اپنے زمانے کا ابوعلی سینا تھا۔ بیہقی اور شہرزوری کے مطابق علوم و حکمت کی مختلف قسموں میں ابوعلی سینا کے بعد وہی تھا۔ لیکن فلسفہ و ریاضیات اور معقولات میں وہ یگانہ تھا۔ قفطی بھی اسے پیشوائے خراسان اور علامۂ زمان کے القاب سے یاد کرتا ہے اور لکھتا ہے کہ علمِ نجوم اور فلسفہ میں خیام کا کوئی ہمسر نہ تھا۔ شہرزوری میں ہے کہ اگر حکمائے خراسان کا شمار کیا جائے تو خیام ان میں بحرِ ذخار اور سب سے بلند مرتبہ اور رباعیات میں سب سے بڑا اور ریاضیات میں سب سے بڑھ کر ہوگا۔

سید سلیمان ندوی خیام کی مختلف صفات اور متنوع کمالات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

خیام کی یہ کیسی بدبختی ہے کہ وہ مشرق میں تمام علوم حکمت میں نجوم کا ماہر مانا گیا اور مغرب میں وہ صرف ایک بادہ پرست شاعر ہو کر رہ گیا۔ حالانکہ یہ دونوں چیزیں اس کے اصل مرتبہ سے بہت ہی کم درجہ تھیں۔ انتہا یہ ہے کہ عروضی سمرقندی نے بھی جو خیام کو اپنا استاد کہتا ہے اپنی مشہور تصنیف چہار مقالہ میں اس کے منجمانہ کمالات ہی کی دو تین مثالیں دی ہیں۔

علمِ طب میں اسے بڑا کمال حاصل تھا۔ وہ ملک شاہ سلجوقی کا شاہی طبیب

تھا۔ جب شہزادہ سنجر کو بچپن میں چیچک نکل آئی تھی تو خیام ہی نے اس کا علاج کیا تھا۔

عقلیات کے علاوہ علومِ نقل پر بھی اسے عبور حاصل تھا۔ وہ لغت، فقہ اور تاریخ کا عالم تھا۔ حتیٰ کہ قرأت جیسے علم میں بھی وہ دسترس رکھتا تھا۔ تفسیر اس کے دائرے کی چیز نہ تھی۔ مگر شہرزوری نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ "مرو" میں قاضی عبدالرشید نے خیام سے معوذتین کا مطلب پوچھا اور سورۂ ناس میں بعض الفاظ کی تکرار کی وجہ دریافت کی۔ خیام نے وہیں اپنی معلومات کا دریا بہانا شروع کر دیا۔ اور اس تفصیل سے اس کی تفسیر بیان کی کہ اگر اس کی تقریر قلمبند کر لی جاتی تو ایک کتاب ہو جاتی۔ شہرزوری کہتا ہے:

"حالانکہ یہ وہ فن ہے جس کے حصول کے لیے خیام نے خصوصی توجہ نہیں کی تھی۔ اس سے یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ جس فن کے حصول میں اس نے اپنی تمام تر زندگی صرف کی اس میں اس نے کیا کچھ کمال پیدا نہیں کیا ہوگا۔"

اس میں شک نہیں کہ خیام ریاضیات کا ماہر تھا اور اس فن میں بے نظیر تھا۔ ہندی ریاضیات سے بھی اسے واقفیت تھی۔ وہ کہتا ہے کہ اہلِ ہند کو ایسے چند طریقے معلوم ہیں جن سے مربع اور مکعب کا ضلع آسانی سے نکال لیتے ہیں۔ پھر کہتا ہے کہ میں نے ایسے طریقوں پر ایک کتاب لکھی ہے۔ ابن خلدون اسے مشرق کا سب سے عظیم ہندسہ داں قرار دیتا ہے اور کہتا ہے کہ اس رسالے میں سہ درجی الجبرائی مساوات (Algebraic Equations المعادلۃ الجبریہ) کے اصول باقاعدہ طریقے سے پہلی مرتبہ مرتب کیے گئے ہیں۔ عرب ریاضی دانوں میں اس کی تحقیقات کا بڑا چرچا تھا۔

علم ریاضیات کی ترقی میں خیام نے ایک اہم رول ادا کیا ہے۔ یورپ میں اس علم کی ابتدائی شکل ۱۷۴۲ء میں یعنی تقریباً چھ صدی بعد نظر آتی ہے۔ خیام کی ریاضیات کا مخطوطہ لیڈن میوزیم میں موجود ہے۔ جب خیام کی کتاب کا مطالعہ کیا گیا تو پتہ چلا کہ ڈیکارٹ (۱۵۹۶ء تا ۱۶۵۰) نے خیام کے نتیجۂ فکر کا ہی اعادہ کیا ہے۔ اور یہ کہ خیام اس سے بھی آگے نکل گیا ہے۔ بدقسمتی سے اس علم سے متعلق خیام کی بہت ساری کتابیں ضائع ہوگئی ہیں۔ اگر وہ بھی حاصل ہو جاتیں تو پتہ چلتا کہ خیام کی تحقیقات کس مقام پر پہنچ چکی تھیں۔

اس کے علاوہ اقلیدس کی کتابوں کی مشکلات اور ان کے حل پر بھی خیام نے تین کتابیں تصنیف کی تھیں جن میں ان مشکلات کو حل کیا گیا تھا جنھیں اس سے قبل کے صاحبانِ فن حل کرنے سے قاصر تھے۔

آخری چیز اس کی ادب و شاعری ہے۔ اس کے تمام رسائل عربی میں ہیں۔ اس کی نثر میں ایک حد تک زور ہے۔ اس کے رسالۂ جبر و مقابلہ کے مطالعے سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ اسے عربی پر بڑی قدرت حاصل تھی۔

خیام عربی و فارسی دونوں زبانوں میں شاعری کرتا تھا۔ اس کی فارسی کا کیا کہنا، مگر اس کی عربی شاعری میں وہ زور نہیں جو اس کی فارسی رباعیات میں موجود ہے۔

اس کا حافظہ ایسا قوی تھا کہ اس نے اصفہان میں ایک دفعہ ایک کتاب، جو غالباً نایاب تھی، سات دفعہ بغور پڑھی تھی اور یاد کر لی۔ اور نیشاپور آکر لکھوا دی۔ اور جب اصل سے مقابلہ کیا گیا تو کچھ زیادہ فرق نہ نکلا۔

خیام نے متاہلانہ زندگی بسر کی تھی۔ اور اس کی اولاد میں کم از کم ایک لڑکی تھی جس کی شادی اس کی زندگی ہی میں بغداد کے کسی فاضل سے ہوئی تھی جس کا نام امام محمد بغدادی تھا۔ اس کے علاوہ دولت شاہ سمرقندی نے (۸۹۲ھ) تذکرۃ الشعراء میں ایک شاعر اشہری نیشاپوری کا ذکر کیا ہے جو خیام کے سلسلۂ اولاد میں سے تھا اور مشہور قصیدہ نگار ظہیر فاریابی کا شاگرد تھا اور شاہی دفتر کا منصب دار تھا۔

خیام کا طالب علمی کا زمانہ ۴۶۰ ہجری (۱۰۶۸ء) میں ختم ہوتا ہے۔ اس کے بعد اس نے درس و تدریس کے بجائے غالباً تحریر و تصنیف کا کام اپنے لیے پسند کیا۔ اس کا دماغ زیادہ تر ریاضیات کے لیے موزوں تھا۔ اور ریاضیات میں مساحت، جبر و مقابلہ، اور اقلیدس کی طرف اس کا میلان تھا۔ چنانچہ ان میں سے ہر ایک مبحث پر ایک رسالہ لکھا۔ جس میں اس فن کی مشکلات کو حل کیا اور مسائل کی نئی نئی صورتیں نکالیں اور ان کو ثابت کیا۔

اس وقت سلجوقی حکومت کا عہد زریں تھا لیکن وہاں تو صرف دینی علوم کی قدر دانی تھی۔ مجبوراً خیام کو غزنی، بخارا، اور دوسری حکومتوں کی جانب رُخ کرنا پڑا۔ لہٰذا وہ ترکستان آیا۔ قاضی ابوطاہر سمرقندی نے اس کی سرپرستی کی جو ترکستان کی ایلخانی سلطنت میں قاضی القضات کے عہدہ پر فائز تھا۔ خیام نے اپنی تصنیف "الجبر و مقابلہ" اس کے نام معنون کی ہے۔ اس سے قبل خیام نے جو رسالہ تصنیف کیا تھا اس کا نام "البرہان علیٰ استخراج اضلاع المربعات والمکعبات" تھا۔ اس کی نسبت اس نے دعویٰ کیا ہے کہ اس میں ایسے اصول دریافت کیے گئے

ہیں جو ہنوز دریافت نہیں ہوئے تھے۔

اس باکمال مربّی نے خیّام کو وہاں کے شاہی دربار تک پہنچایا اور شمس الملک خاقانِ ترکستان سے متعارف کروایا۔ اس کے بعد خیّام کی ترقی کی راہیں کھل گئیں۔ خاقان نے خیّام کے علم و فضل کی بڑی قدر دانی کی۔ بیہقی اور شہرزوری میں ہے کہ خاقان شمس الملک خیّام کی بڑی عزّت کرتا تھا اور اس نے اسے اپنے ساتھ تخت پر بھی بٹھایا تھا۔

خیّام کو چھ سال تک شمس الملک کی سرپرستی حاصل رہی۔ ۴۶۶ھ میں اس ایلخانی بادشاہ کا انتقال ہوا۔ اس کے بعد خیّام ترکستان سے فارس آیا۔ اس نے سلجوقی دربار میں رسائی حاصل کرلی۔ اس وقت سلجوقی خاندان کا سلطانِ اعظم ملک شاہ سلجوقی فرماں روا تھا۔ اس نے ۴۶۵ھ سے ۴۸۵ھ تک حکومت کی۔ یہ وہ اس کا دارالخلافہ تھا اور اس کی سلطنت کا دائرہ کاشغر سے لے کر قسطنطنیہ کی حدود تک پہنچا تھا۔ اس کا وزیر نظام الملک طوسی تھا جو اپنے فضل و کمال، تدبّر اور سیاست دانی کے لیے مشہور تھا۔ ملک شاہ اور نظام الملک نے جہاں بڑے بڑے کام کیے انھیں میں سے ایک رصد خانے کی تعمیر بھی ہے۔ اس کے لیے عمر خیّام کو دیگر علمائے ہیئت کے ساتھ اصفہان بلوایا گیا۔ اور رصد خانے کا کام ۴۶۷ھ (۱۰۷۴ء) میں شروع ہوا۔

اصفہان پہنچ کر اس کی شہرت نے پر پرواز حاصل کیے۔ رصد خانے کی تعمیر کے بعد وہ مدیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے فلکیات کی تحقیقات کا کام کرنے لگا۔ رفتہ رفتہ دربارِ شاہی میں طبیب اور منجم کی حیثیت سے رسائی حاصل کی۔

اور اس کے بعد بہت جلد شاہی ندیموں کے زمرے میں شامل کر لیا گیا۔ خیام ۴۶۷ھ (۱۰۷۴ء) سے لے کر ۴۸۵ھ (۱۰۹۲ء) تک یعنی ۱۸ برس تک شاہی دربار سے منسلک رہا۔ اس عہد میں اس کا سب سے بڑا کام رصد خانۂ ملک شاہی کی تعمیر و قیام اور اس میں فلکیاتی تحقیقات کا کام تھا۔ اس نے تحقیقات کے بعد زیجِ ملک شاہی تیار کی اور تاریخ جلالی ملک شاہی کا آغاز ہوا۔ اس کے علاوہ اس دوران میں اس نے رسالہ کون و تکلیف اور بعض دیگر کتابوں کی تصنیف کی۔

سلطان ملک شاہ سلجوقی نہایت ہی شان و شوکت والا بادشاہ تھا۔ اس کا وزیر نظام الملک بھی اتنا ہی عظیم وزیر تھا۔ ۴۸۵ھ (۱۰۹۲ء) میں نظام الملک ایک متعصب فدائی کے خنجر سے شہید ہوا جو ایک تشدد پسند فرقے باطنیہ سے تعلق رکھتا تھا اور جس کا سرغنہ حسن بن صباح تھا۔ ملک شاہ بھی اپنے عزیز وزیر کی وفات کے چند مہینوں بعد انتقال کر گیا۔ دونوں کے انتقال سے سلجوقی حکومت کی بنیاد متزلزل ہو کر رہ گئی۔

ملک شاہ کے بعد اس کا بیٹا برکیارق تخت پر بیٹھا۔ اس نے ۱۳ برس حکومت کی۔ اس کے عہد میں عمر خیام کا دربار سے کوئی تعلق نظر نہیں آتا۔ غالباً اس دوران میں عمر خیام اصفہان کے رصد خانے میں تحقیقات میں مصروف رہا۔

برکیارق کے بعد سلطان محمد بن ملک شاہ ۴۹۸ھ میں تخت نشین ہوا۔ اس کے زمانے میں عروضی سمرقندی نے خیام سے متعلق منجمی کے دو واقعات

"چہار مقالہ" میں نقل کیے ہیں۔

ایک واقعہ بادشاہ کے شکار کی تاریخ کے سلسلے میں ہے۔ عروضی نے بیان کیا کہ ایک روز بادشاہ نے خیام کو کہلا بھیجا کہ شکار کے لیے کوئی ایسی موزوں گھڑی مقرر کریں کہ دو تین دن بارش نہ ہو۔ خیام نے ساعت اور دن مقرر کیا۔ جب بادشاہ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ سوار ہوا تو اچانک زور کی آواز آئی اور ابر چھا گیا۔ لوگ یہ دیکھ کر ہنسنے لگے۔ خیام نے بادشاہ سے کہا کہ مطلع ابھی صاف ہوا جاتا ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور چار پانچ دن تک مطلق بارش نہیں ہوئی۔

سلطان محمد کے بعد اس کا بیٹا اور اس کے ایک سال بعد ملک شاہ کا فرزند سلطان سنجر سریر آرائے سلطنت ہوا۔ ۵۱۱ھ سے ۵۵۲ھ (۱۱۱۴ء سے ۱۱۵۶ء) تک تقریباً ۱۲ سال حکومت کی۔ لیکن اس عہد میں ہم کو خیام کا دربارِ شاہی میں پتہ نہیں ملتا۔ سلطان سنجر بچپن میں چیچک کے مرض کا شکار ہو گیا تھا اور عمر خیام نے اس کا علاج کیا تھا۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ چہرہ داغدار ہو گیا تھا۔ اس لیے سنجر خیام سے خوش نہ تھا۔ یہی سبب ہے جو ۵۱۵ھ کے بعد سے خیام شاہی دربار میں نظر نہیں آتا۔ غالباً اس نے گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی۔

الغرض نہ صرف یہ کہ خیام کو شاہانِ وقت کی سرپرستی حاصل تھی بلکہ مختلف امراء اور وزراء سے بھی خیام کے گہرے روابط تھے اور وہ بھی خیام کو بڑی قدر و منزلت کی نظر سے دیکھتے تھے اور زر و سیم سے اس کی

حوصلہ افزائی کرتے تھے۔

اس عہد میں یعنی پانچویں صدی ہجری کے نصفِ آخر اور چھٹی صدی کے اوائل میں بڑے بڑے صاحبانِ فضل و کمال زندگی بسر کر رہے تھے۔ ہیئت داں تھے جنھوں نے اصفہان میں شاہی رصد خانے کی تعمیر اور فلکیات کی تحقیقات میں عمر خیام کا ساتھ دیا، آزاد خیال دانشور تھے جو یونانی فلسفہ بالخصوص ابوعلی سینا کے پرستار تھے۔ متکلمین تھے جو عمر خیام جیسے حکیموں سے مختلف مسائل پر بحث و مباحثے اور مناظرے کرتے۔ ریاضی داں، مہندس اور سائنس داں تھے جو تجربات اور تحقیقات میں مصروف تھے۔ محمد نسوی جیسے فیلسوف تھے جو عمر خیام سے مشکل مسائل پر سوالات کرتے اور عمر خیام کو ان کے جواب رسالوں کے ذریعے تحریری شکل میں دینے پڑتے، جو آج بھی موجود ہیں۔ رسالہ کون و تکلیف اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

مشہورِ زمانہ امام غزالی بھی خیام کے معاصرین میں تھے۔ ملک شاہ کے دربار سے دونوں کا تعلق تھا۔ مگر دونوں الگ الگ مسلک کے تھے۔ خیام ابوعلی سینا کا حامی اور فلسفۂ یونان کا طرفدار تھا۔ اور امام غزالی ابوعلی سینا کے مخالف اور فلسفۂ یونان کے دشمن تھے اور انھوں نے اس کی مخالفت میں تہافتہ الفلاسفہ تصنیف کی تھی۔ امام غزالی اور خیام کے مباحثے مشہور ہیں۔ امام غزالی مدرسۂ نظامیہ بغداد کے مدیرِ اعلیٰ تھے۔ وہ تصوف کے حامی تھے۔ دینیات، فلسفہ، علم کلام اور اسلامی علوم پر ان کی تصنیفات مشہور ہیں۔

ان کے علاوہ ابوالبرکات بغدادی، ناصر خسرو، سنائی اور نظامی عروضی سمرقندی جیسے بہت سارے اہلِ کمال عمر خیام کے معاصرین میں سے تھے۔

خیام کی وفات کا واقعہ بھی عجیب ہے۔ بیہقی کا بیان ہے کہ خیام ایک دن بوعلی سینا کی مشہور فلسفیانہ تصنیف شفا کی الٰہیات کا مطالعہ کر رہا تھا۔ جب وحدت وکثرت کی بحث پر پہنچا تو خلال کتاب میں رکھ کر کتاب بند کر دی اور کہا کہ چند سمجھداروں کو بلاؤ۔ مجھے وصیت کرنی ہے۔ پھر وصیت کی اور نماز کے لیے کھڑا ہو گیا۔ اس وقت سے پھر نہ کچھ کھایا نہ پیا۔ رات کو عشاء کی نماز کے سجدے میں اس کے منھ سے یہ فقرے ادا ہو رہے تھے:

"بارِ الٰہا! تو جانتا ہے کہ میں نے اپنے امکان بھر تجھ کو جانا۔
تو مجھے معاف کر کہ میں نے تجھ کو جتنا جانا وہی تیرے حضور
میں میرا وسیلہ ہے۔"

یہ کہتے کہتے وہ مرغ خوشنوا ہمیشہ کے لیے خاموش ہو گیا۔ خیام نے نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں کے ایک گورستان میں جس کا نام حیرہ تھا دفن ہوا۔

خیام نے اپنی قبر کی نسبت اپنی زندگی میں ایک عجیب پیش گوئی کی تھی جو حرف حرف پوری ہوئی۔ نظامی عروضی سمرقندی اپنی مشہور کتاب چہار مقالہ میں بیان کرتا ہے کہ:

۵۰۶ ہجری (۱۱۱۲ء) میں خیام اپنے ایک دوست کے ساتھ بلخ آئے

ہوئے تھے اور امیر ابوسعید کے دولت کدے پر قیام فرما تھے۔ میں ان کی مجلس میں حاضر ہوا۔ دورانِ گفتگو میں عمر خیام نے کہا:

"میرا مزار ایسی جگہ ہوگا جہاں درخت سال میں دو مرتبہ گل افشانی کریں گے۔"

عمر خیام کی بات پر مجھے بڑا تعجب ہوا۔ لیکن مجھے یقین تھا کہ خیام جیسا حجت الحق جھوٹ نہیں بول سکتا۔ لہٰذا میں خاموش رہا۔

جب ۵۳۰ھ میں نیشاپور پہنچا تو چار سال ہوئے تھے کہ وہ عظیم انسان دنیا سے پردہ کر چکا تھا۔ مجھ پر اس کی استادی کا حق تھا۔ لہٰذا جمعہ کے دن میں نے اس کے مزار کی زیارت کرنا چاہی۔ ایک شخص کو اپنے ساتھ لے لیا تاکہ مزار کا پتہ بتائے۔ وہ مجھے غیرہ کے قبرستان میں لایا۔ وہاں باغ کی دیوار کے قریب اس کا مزار تھا۔ درختوں کی گھنی شاخیں اس پر سایہ فگن اور گل افشاں تھیں۔ مزار پر اس قدر پھول تھے کہ مزار پھولوں کے انبار میں نظر نہیں آرہا تھا۔

مجھے بلخ کا واقعہ یاد آگیا اور اس پیش گوئی کی حقیقت واضح ہوگئی جو استاد عمر خیام نے اس وقت کی تھی۔ بے اختیار میری آنکھیں اشکبار ہوگئیں۔

تصنیفات:

خیام پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ تصنیف میں بخیل ہے۔ لیکن درحقیقت ایسا نہیں معلوم ہوتا۔ مختلف النوع علوم و فنون میں خیام کے انہماک ــــ اور

مشغولیت کا یہ عالم تھا کہ تحریر و تصنیف کے لیے وقت نکالنا اس کے لیے ناممکن سا نظر آتا ہے۔ بایں ہمہ اس نے بڑی ہی کاوش اور جدوجہد سے جبر و مقابلہ کے اصول پر بے مثال کتاب تصنیف کی۔ زیج ملک شاہی تیار کی اور مختلف مضامینِ علم و فن پر رسائل لکھے۔ اس کے علاوہ رباعیاتِ خیام کے پڑھنے والے پر یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ حکیم عمر خیام اواخر عمر میں اس درجہ پر پہنچ گیا تھا جہاں پر حکیم اپنے علم کے کمال اور زندگی کے پایان کار میں پہنچ جاتا ہے یعنی مرتبۂ علم کی ہیچ میرزی، دانستہ نادانی، اور عالمانہ اقرارِ جہل جسے "لا ادریت" کہتے ہیں یعنی:

معلومم شد کہ ہیچ معلوم نشد

خیام کی تصانیف حسبِ ذیل ہیں۔

(۱) رسالۂ کمیات

(۲) رسالۂ جبر و مقابلہ

(۳) زیج ملک شاہی

(۴) رسالۂ ما اشکل من مصادرات اقلیدس

(۵) رسالۂ مختصر در طبیعیات

(۶) میزان الحکم

(۷) رسالۂ کون و تکلیف و رسالۂ مسئلۂ ثلاثہ

(۸) رسالۂ فی کلیات الوجود

(۹) رسالۂ موضوع علم کلی و وجود

(۱۰) رسالہ اوصاف یا رسالۃ الوجود

(۱۱) عربی اشعار

(۱۲) رباعیات فارسی

(۱۳) مکاتباتِ خیام

مندرجہ بالا فہرست سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ خیام اپنے زمانے کا ایک فقید المثال عبقری (جینئس) اور جامع صفات انسان تھا۔ لیکن چونکہ یہاں ہمیں عمر خیام کی شاعرانہ عظمت اور فلسفیانہ افکار کا جائزہ لینا ہے لہٰذا مناسب یہی ہے کہ فلکیات اور ریاضیات کے ماہر کی حیثیت سے صرف نظر کرتے ہوئے اس کے فلسفیانہ افکار کا پتہ لگائیں تاکہ ایک مفکر اور شاعر کی حیثیت سے عمر خیام کو سمجھنے میں آسانی ہو۔ اس لیے یہ مناسب ہوگا کہ ہم خیام کے فلسفیانہ رسالوں میں سے ایک آدھ پر طائرانہ نظر ڈالیں۔

(۱) رسالہ کون و تکلیف

یہ رسالہ ۱۹۱۷ء میں چھپ چکا ہے۔ اس کی تصنیف کا سبب یہ تھا کہ ابن سینا کے ایک شاگرد قاضی ابو نصر نسوی نے ۴۷۳ھ (۱۰۸۱ء) میں خیام سے دو سوال پوچھے تھے۔

(۱) خدا نے یہ دنیا اور خصوصاً انسان کو کیوں بنایا؟

(۲) اور انسان کو عبادات بجا لانے کی تکلیف کیوں دی؟

انہیں دو سوالوں کی وجہ سے اس رسالے کا نام "کون و تکلیف" پڑ گیا۔ پہلا سوال [illegible] ہستی کی علت سے اور دوسرا سوال تکلیف (احکام الٰہی) کی علت سے ہے۔ [illegible]

نے جواب کے آغاز میں سب سے پہلے یہ لکھا ہے کہ تمام فلسفہ کا نچوڑ تین سوالات ہیں۔

(۱) کیا یہ ہے ؟ (اَنِیّۃ)

(۲) اگر ہے تو کیا ہے؟ (مَا ھو)

(۳) اور کیوں ہے؟ (لِمَ ھو)

پھر بتایا کہ وہ شے جو دنیا میں موجود ہے وہ انیّت (موجودیت) اور ماہیت (ماہیت) سے کبھی خارج نہیں ہو سکتی۔ البتہ "لِمیت" سے بعض وجود بے نیاز ہو سکتے ہیں اور اس کی صورت یہ ہے کہ وجود کی دو قسمیں ہیں۔ ایک واجب الوجود اور دوسری ممکن الوجود۔

علّت اور سبب کا سوال ضرور ہے کہ کہیں جا کر رُکے اور ایک ایسی علّت پر جا کر انتہا ہو جس کی کوئی علّت نہ ہو۔ یہ شان واجب الوجود کی ہے۔ اور ممکن الوجود کے تمام اسباب و علل بالآخر علّت العلل یعنی اسی واجب الوجود پر جا کر ختم ہوتے ہیں۔

واجب الوجود جس طرح اپنے وجود کی علّت سے بے نیاز ہے اسی طرح اس کے اوصاف و صفات اور افعال بھی علل و اسباب سے مستغنی ہیں۔ اِس لیے یہ سوال ہی بے معنی ہے کہ اس نے کیوں بنایا اور ہست کیا۔ یہ واجب الوجود کے جُود و کرم کی صفت کا نتیجہ ہے کہ یہ دنیا ہست ہے اور ہم موجود ہیں۔

اس کے بعد اس نے موجودات کی ترتیبِ اضافی کی فضیلت پر بحث کی ہے اور لکھا ہے کہ اس مسئلہ میں بہت سے لوگ سرگرداں ہیں۔

آگے چل کر وہ جو کچھ بیان کرتا ہے اس سے مسئلہ ارتقاء کی جھلک نمودار

ہوتی ہے۔ وہ دراصل ابوعلی سینا کی الٰہیات کی ترتیب بیان کرتا ہے کہ پہلے عقل اوّل پیدا ہوئی پھر عقل دوّم اور فلک اوّل اور یہ سلسلہ عقل دہم اور فلک نہم تک چلتا رہا۔ یہاں تک کہ مادّہ پر اس ابداع کا خاتمہ ہوتا ہے۔ اس کے بعد ایجاد کا دَور شروع ہوا۔ اس میں خام مرکبات ترتیب کے ساتھ پیدا ہوئے۔

معدنیات، جمادات، نباتات، حیوانات اور بڑھتے بڑھتے انسان پیدا ہوا اور فضیلت اور بزرگی کی ترتیب نیچے سے اوپر کو چڑھتی گئی۔ یہاں تک کہ انسان سب سے افضل و اشرف قرار پایا۔ اس لیے کہ وہ اپنی مادّی اصل سے سب سے دور ہے اور مبدء اوّل سے روحانی طور پر قریب ہے۔

پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ مادّی اشیاء ترتیباً کیوں پیدا ہوئیں؟ اس کے جواب میں کہتا ہے کہ: تمام مادّی کائنات و موجودات آپس میں متضاد و متقابل اشیاء ہیں۔ لہٰذا سب ایک ہی ساتھ پیدا نہیں ہو سکتے۔ ایک ہی کپڑا ایک ہی وقت میں سپید و سیاہ دونوں نہیں ہو سکتا۔ دونوں رنگ یکے بعد دیگرے چڑھیں گے۔

پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ دنیائے کون و فساد میں یہ تضاد کیوں؟ اس کا جواب وہی دیا جو امام غزالی نے دیا ہے کہ عالم جس نہج پر پیدا ہوا ہے، اگر اس میں کچھ شر یا نقص (تضاد) بھی ہے تو خیرِ کثیر کے مقابلے میں نہ ہونے کے برابر ہے۔ بہت بھلائی سے تھوڑی سی برائی کے لازم آجانے کے خیال سے رک جانا بہت بڑی برائی ہے۔

اسی لیے باری تعالیٰ ان تمام متضاد و متقابل ممکن ہستیوں کو باری باری منصّۂ وجود پر لاکر انصاف کے ساتھ ان میں سے ہر ایک کو کمالِ ذاتی حاصل کرنے کا

موقع عطا فرماتا ہے ۔ اور ان میں جو تفاوت ہے وہ حق تعالیٰ کے بخل کرم کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کی حکمتِ سرمدی کی وجہ سے ہے ۔

اس کے بعد اس نے تکلیف کی حقیقت اپنے حکیمانہ انداز میں یوں بیان کی ہے کہ :

"تکلیف وہ فرمانِ الٰہی ہے جو اس لیے صادر کیا گیا ہے تاکہ وہ افرادِ انسانی کو ان کے ان دنیاوی و اخروی کمالات کی طرف عملاً لائے جن کی استعداد ان کے اندر رکھی گئی ہے اور ان کو ظلم و بے انصافی اور برائیوں کے ارتکاب اور نقائص کے اکتساب اور ان جسمانی خواہشوں کی پیروی سے باز رکھے جو ان کو عقلی قوت کی پیروی سے روکتی ہے"

اس کے بعد اس نے شریعت کی ضرورت اور نبوت کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس پر ہم کو نٹشے کے فوق البشر (Superman) کا دھوکا ہوتا ہے ۔ جناب کہ اللہ تعالیٰ نے نوعِ انسانی کو اس طرح بنایا ہے کہ اس کے افراد الگ الگ غیر محدود مدت تک زندہ نہیں رہ سکتے ۔ جب تک موجودہ اور آئندہ نسلیں باہم مل کر ترقی کی کوششیں اسی طرح نہ کرتی چلی جائیں کمالِ نوعی حاصل نہیں ہو سکتا ۔ نیز موجودہ تمام افرادِ انسانی باہم آپس میں تعاون اور تعاضد اور ایک دوسرے کی مدنی و اجتماعی امداد کے بغیر زندگی کے ضروریات لباس، خوراک و مسکن وغیرہ کو پورا نہیں کر سکتے ۔ اس وقت باہمی تعاون و امداد کے ایک مختصر اور جامع دستور کی ضرورت پیش آتی ہے جس کا نام شریعت ہے ۔

پھر نبوت کی ضرورت اس لیے ہے کہ اس شریعتِ عادلہ کی [illegible]

ہستی ہونی چاہیے جو تمام افرادِ انسانی سے زیادہ عاقل، زیادہ پاک و طاہر ہو۔ جو دنیاوی مہمات میں ملوث نہ ہو، اس کی غرض و غایت دولت و ریاست کی محبت اور جاہ پسندی نہ ہو اور اپنے شہوانی اور غضبی جذبات پر اس کو پورا پورا قابو ہو۔ اور ہر کام میں اس کی غرض رضائے الٰہی کی طلب ہو۔ ایسا ہی شخص دستورِ انسانی یعنی شریعت کا حامل ہو سکتا ہے۔ تاکہ کسی طرف اور کسی خاص فرقہ اور جماعت کے حق میں اس کا پلّہ جھکنے نہ پائے اور اس کے حکم کی پیروی بادشاہ اور رعایا پر یکساں ضروری اور امیر و غریب دونوں پر یکساں حاوی ہو۔

اس کے بعد تکرارِ عبادت کی بحث ہے۔ اور اس سلسلے میں اس نکتہ کو ادا کیا ہے جو آج کی سائیکالوجی (نفسیات) کا مسلمہ مسئلہ ہے۔ وہ کہتا ہے کہ یہ عبادات بار بار ادا کرنے کا حکم اس لیے ہے کہ:

"پس ان پر یہ مذکورہ بالا عبادت فرض کی گئی ہے اور یہ بار بار ان سے کرائی جاتی ہے تاکہ متواتر تکرار سے یہ یادگیری ان کے اندر مستحکم ہو جائے۔"

پھر کہتا ہے کہ ان اوامر بجالانے اور ان نواھی سے بچنے میں تین فائدے ہیں۔

(۱) نفس انسانی کا شہوتِ نفسانی سے احتراز کر کے قوت عقلیہ کو پرورش پانے کا موقع بہم پہنچانا۔

(۲) نفس کو امورِ الٰہیہ اور امورِ معاد و آخرت میں غور و فکر کا عادی بنانا تاکہ اس دارِ ناپائدار کے طلسمات سے نکل کر جنابِ حق اور ملکوتِ ربّانی کی طرف توجہ و التفات کی استعداد پیدا ہو۔ کہتا ہے:

"اور عبادت، نفسِ اوّل کو اس کے حقِ اول (خدا) کے وجود پر آمادہ کرتی ہے جس سے ہر موجود کا وجود ہے۔ اس کا ذکر بلند ہو اور اس کے نام مقدس ہوں جس کے سوا اور کوئی دوسرا معبود نہیں۔ جس سے موجودات کو وجود کا فیض اس سلسلۂ ترتیب میں منتظم ہو کر ملا ہے۔ جس کا مطالبہ وہ سچی حکمت کرتی ہے جو ایسے قیاس پر مبنی ہے جو فریب اور مغالطے سے بری ہے۔"

(۳) تیسرا فائدہ یہ ہے کہ اس عالم میں امن و امان، نظم و ضبط اور عدل و انصاف اور باہمی اجتماعی تعاون و مشارکت پیدا ہو اور نظامِ عالم حکمتِ ربّانی کے مطابق قائم رہے۔"

(۲) کون و تکلیف کا دوسرا رسالہ

کون و تکلیف کے دوسرے رسالے میں قاضی نسوی کے سوال پر عمر خیّام نے مسئلہ تضاد (خیر و شر) پر مزید بحث کی ہے اور کہا ہے کہ خدا محض خالقِ خیر ہے۔ اس نے اشیاء کو پیدا کیا۔ دوسرے لوازم عرضاً پیدا ہو گئے جن میں نقص، شر یا تضاد شامل ہیں۔

(۳) جبر و قدر

اس رسالے میں خیّام سے ایک نہایت اہم سوال کیا گیا ہے، اور وہ یہ کہ جبر و قدر کے مسئلہ میں کون فریق برسرِ حق ہے؟

یہاں خیّام لاجواب ہو جاتا ہے اور اس کا اندرونی فلسفہ اس پر غالب آجاتا ہے۔ اور دو سطروں میں نہایت چپکے سے یہ کہہ کر اتنے بڑے اہم سوال کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جاتا ہے۔ کہتا ہے کہ:

"لیکن اس کا یہ سوال کہ ان دونوں فریقوں میں سے کون صواب سے قریب تر ہے تو شاید جبر کا قائل حق سے بظاہر زیادہ قریب ہے، اس شرط سے کہ وہ ہذیان میں یاوہ گوئی نہ کرے اور اپنے خرافات میں زیادہ دور تک نہ چلا جائے۔ ایسی حالت میں وہ حق سے دور ہو جائے گا۔"

لیکن خیام سے منسوب ایسی کئی رباعیاں ہیں جن میں یہ خرافات موجود ہیں۔ مثلاً:

بر رہگذرم ہزار جا دام نہی — گوئی کہ بگیر مت اگر گام نہی
یک ذرہ ز حکم تو جہان خالی نیست — حکم تو کنی و عاصیم نام نہی

اس سے اس خیال کو تقویت ملتی ہے کہ بہت ساری غیر خیامی رباعیاں بھی خیام سے منسوب کر دی گئی ہیں۔

(۴) رسالۂ موضوعِ علمِ کلی

رسالۂ موضوعِ علم کلی میں وجود پر بحث ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ "خالص عقلی علم نہ ہم کو ہوا ہے، نہ ہو سکتا ہے۔ بلکہ ہمارے تمام معقولات تخیل آمیز ہوتے ہیں اور تخیل صرف جزئی کا ادراک کر سکتا ہے۔"

اس کے بعد خیام کہتا ہے کہ:

"کمال تک پہنچنے کے لیے خدا سے توفیق کی بھیک مانگتا ہوں اور ہر حال میں خدا کا مشکور ہوں۔"

اس رسالے کے مطالعے سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ عمر خیام کو مسئلہ توحید کی اہمیت اور خدائے تعالیٰ کی عظمت و بزرگی پر کتنا یقین تھا اور وہ اپنے فلسفیانہ

تصوّف کے راستے سے اپنے مقصد تک پہنچنے کی کتنی اُمنگ رکھتا تھا۔

(۵) رسالۃٌ فی الوجود

خیام نے نظام الملک کے فرزند فخر الملک (سلجوقی وزیر) کی درخواست پر ایک رسالہ لکھا جس میں وجود پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔ (رسالۃٌ فی الوجود) اس سے خیام کے دو اصولی عقیدوں کا پتہ چلتا ہے۔

(الف) وہ کہتا ہے کہ خدا نے وجود کو دو حصّوں میں پیدا کیا۔ ایک ملکوتی یا غیر مادّی کائنات (عقول و نفوس) دوسرا مادی کائنات (نباتات، جمادات، حیوانات اور انسان) تقرّب الٰہی کے لیے انسان کو چاہیے کہ وہ اپنے میں ملکوتی صفات پیدا کرے اور خود کو ان کے جیسا بنائے۔ ان کا تقرّب جنّت اور ان سے دوری دوزخ ہے۔

(ب) اس رسالے سے خیام کا دوسرا اصولی خیال یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ متکلمین کے مناظرانہ اور حکماء کی فلسفیانہ شعبدہ بازی اور نکتہ پروری کے طلسم کو بے اثر سمجھ چکا تھا اور تصوف کے دریچۂ اشراق سے جہاں تک تاک کے نظاروں کا اس کو چسکا پڑ رہا تھا چنانچہ اس رسالے کے آخری باب میں وہ کہتا ہے:

"معلوم ہونا چاہیے کہ عرفانِ حق کے طلبگاروں کے چار گروہ ہیں۔

(۱) اول متکلمین کا گروہ۔ یہ بحث و مباحثہ ہی کو سب کچھ سمجھتے ہیں اور اس سے آگے نہیں جاتے نتیجہ ظاہر ہے۔

(۲) دوسرا گروہ فلاسفر اور حکماء کا ہے جو عقلیات اور منطقی قوانین کے

ذریعے حقیقت کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں اور بالآخر عجز و ناکامی ان کا مقدّر بن جاتی ہے۔

خرد سے راہرو روشن بصر ہے — خرد کیا ہے؟ چراغِ رہگذر ہے
درونِ خانہ ہنگامے ہیں کیا کیا — چراغِ رہگذر کو کیا خبر ہے

(علّامہ اقبالؔ)

(۳) تیسرے اسماعیلی باطنی ہیں، جن کا عقیدہ ہے کہ معرفت اخبارِ مخبرِ صادق کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ تمام مسائل کا حل "قولِ صادق" کے ذریعے ملے گا۔

(۴) چوتھا گروہ اہلِ تصوف کا ہے۔ یہ گروہ عقل و فکر کی بجائے دوسرا راستہ اختیار کرتے ہیں اور وہ ہے تصفیۂ باطن، تزکیۂ نفس اور تہذیبِ اخلاق کا اور اس طرح اپنے جسمِ خاکی اور دل و دماغ کو کدورتوں سے پاک کر کے ان کو نورِ الٰہی کا آئینہ بناتے ہیں۔ ان کا دل ایسا طور بن جاتا ہے جہاں تجلّیاتِ الٰہی جلوہ گر ہوتے ہیں۔

لہٰذا اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ آخری طریقہ سب سے اعلیٰ اور افضل ہے"

مذکورہ بیان سے واضح ہو جاتا ہے کہ خیام متکلمانہ مناظروں، حکیمانہ دلیلوں اور حصولِ تسکین کے اسماعیلی باطنی طریقوں سے تشفی نہ پا کر تصوف کے مشاہدات و انوار سے فیض چاہتا ہے اور عجیب بات یہ ہے کہ خیام کے اس آخری باب میں جو کچھ اختصار کے ساتھ ہے وہی امام غزالی کی "منقذ من الضلال" میں شرح و تفصیل کے ساتھ مذکور ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے میں اکثر اہلِ نظر اسی ایک راستے سے تصوف کے مقام پر پہنچے تھے۔

آمد سحری ندا ز میخانۂ ما

کای رندِ خراباتی و دیوانۂ ما

برخیز کہ پُر کنیم پیمانہ زمی

زاں پیش کہ پُر کنند پیمانۂ ما

۱

میخانے سے ہنگامِ سحر آئی ندا

اے بے خبرِ عمرِ رواں جاگ ذرا

پیمانۂ ہستی نہ چھلک جائے کہیں

ہاں جام اُٹھا، جام اُٹھا، جام اُٹھا

گر مَی نخوری طعنہ مزن مستاں را

گر دست دہد توبہ کنم یزداں را

تو فخر بدیں کنی کہ من مَی نخورم

صد کار کنی کہ مَی غلام است آں را

۲

میخواری کا واعظ ہمیں طعنہ مت دے

ہم توبہ بھی کرلیں گے خُدا گر چاہے

مانا کہ تو میری طرح میخوار نہیں

یہ کام ہے لیکن ترا بدتر مَے سے

ہر چند کہ رنگ و روی زیباست مرا
چون لالہ رُخ و چو سرو بالاست مرا
معلوم نشد کہ در طربخانۂ خاک
نقّاشِ من از بہرِ چہ آراست مرا

۳

ہاں! سرو صفت قامتِ رعنا ہے مِرا
پھولوں کی طرح چہرۂ زیبا ہے مِرا
حیراں ہوں کہ عشرت کدۂ فانی میں
نقّاش نے کیوں نقش بنایا ہے مِرا

برخیز و بیا جبتا برای دلِ ما

حل کن بجمالِ خویشتن مشکلِ ما

یک کوزۂ مَی بیار تا نوش کنیم

زاں پیش کہ کوزہا کنند از گِلِ ما

۴

ہاں ساز اٹھا اور سُنا اے ساقی

اِک نغمۂ اندوہ رُبا اے ساقی

قبل اس سے کہ کوزے میں ڈھلے خاک اپنی

لا کوزۂ مَے اور پلا اے ساقی

چون در گذرم بباده شوئید مرا
تلقین ز شرابِ ناب گوئید مرا
خواہید بروزِ حشر یابید مرا
از خاکِ درِ میکدہ جوئید مرا

۵

مرنے پہ مئے ناب سے نہلائیے گا
تلقین مئے و جام سے فرمائیے گا
اور حشر کے دن مجھ سے جو ملنا چاہیں
میخانے کی مٹی میں مجھے پائیے گا

خواہی ز فراق در فغان دار مرا

خواہی ز وصال شادمان دار مرا

من با تو نگویم کہ چسان دار مرا

زان سان کہ دلت خواست چنان دار مرا

٦

صحرائے تمنّا میں مجھے پیاسا رکھ

یا بحرِ تجلّی میں گہر جیسا رکھ

مجھ سے مری مرضی مرے مولا مت پوچھ

جیسی تری مرضی ہو مجھے ویسا رکھ

ای آنکہ گزیدۂ جہانی تو مرا

خوشتر ز دل و دیدہ و جانی تو مرا

از جان صنما عزیزتر چیزی نیست

صد بار عزیزتر از انی تو مرا

۷

ہر شے سے ہر اک خواہش و ارماں سے عزیز

اے جانِ جہاں تو ہے دل و جاں سے عزیز

جاں سے بھی عزیز تر ہے ایماں لیکن

واللہ تو سو بار ہے ایماں سے عزیز

چون عہدہ نمی شود کسی فردا را

حالی خوش دار این دلِ پُر سودا را

مَی نوش بماہتاب ای ماہ کہ ماہ

بسیار بتابد و نیابد ما را

۸

یہ مہکی ہوئی چاندنی اے زہرہ جبیں

دے جام کہ فردا کا نہیں کوئی یقیں

یہ ماہِ حسیں کل بھی فلک پر ہوگا

ڈھونڈے گا بہت پر ہمیں پائے گا نہیں

ای دل ز زمانہ رسمِ احسان مطلب

وز گردشِ دوراں سر و ساماں مطلب

درماں طلبی دردِ تو افزوں گردد

با درد بساز و ہیچ درماں مطلب

۹

دنیا سے عبث ہے سر و ساماں کی طلب

اور گردشِ ایّام سے احساں کی طلب

درماں کی طلب درد بڑھا دیتی ہے

رہ درد بجاں چھوڑ دے درماں کی طلب

بابط می گفت ماہیِ درتب و تاب

باشد کہ بجوی رفتہ باز آید آب

بط گفت کہ چو من و تو گشتیم کباب

دنیا پسِ مرگِ ما چہ دریا چہ سراب

۱۰

مچھلی نے کہا بط سے نہ ہو یوں بے تاب

برسات میں ہوگی یہ ندی پھر سیراب

بط بولی کہ اس وقت جو ہم ہی نہ ہوئے

کیا فرق یہ دنیا ہو سمندر کہ سراب

چندان بخورم شراب کہ این بوی شراب

آید ز ترابِ چون روم زیرِ تراب

گر بر سرِ خاکِ من رسد مخموری

از بوی شرابِ من شود مست و خراب

۱۱

اس درجہ ہمیشہ رہوں غرقِ مئے ناب

مر جاؤں تو تربت سے اُٹھے بوئے شراب

آجائے جو تربت پہ بلا نوش کوئی

مخمور فضا سے ہو وہیں مست و خراب

آبادیِ میخانہ زمیِ خوردنِ ماست

خونِ دو ہزار توبہ درگردنِ ماست

گر من نکنم گناہ رحمت چہ کند

آرائشِ رحمت از گنہ کردنِ ماست

۱۲

میخانے کی رونق ہے مری مے نوشی

ہے شہرۂ عالم مری توبہ شکنی

کیا حال ہو رحمت کا گناہوں کے بغیر

آرائشِ رحمت ہیں خطائیں میری

آن بد کہ در زمانہ کم گیری دوست

با اہلِ زمانہ صحبت از دور نکوست

آن کس کہ بجملگی ترا تکیہ بدوست

چو چشمِ خرد باز کنی دشمنت اوست

۱۳

بہتر ہے کسی کو نہ یہاں دوست بنا

لوگوں سے فقط دُور کا رشتہ اچھا

تو دوست سمجھتا ہے بظاہر جس کو

دراصل وہی دوست ہے دشمن تیرا

آن قصر کہ جمشید درو جام گرفت
آہو بچہ کرد و روبہ آرام گرفت
بہرام کہ گور می گرفتی ہمہ عمر
دیدی کہ چگونہ گور بہرام گرفت

۱۴

دنیا کے لیے عمر عبث کھوتا ہے
جمشید کا ایوان بھی کھنڈر ہوتا ہے
بہرام کہ کرتا تھا سدا گور شکار
وہ گور میں امروز پڑا سوتا ہے

آن کس کہ بخوبان لبِ خنداں دادست
خونِ جگری بدردمندان دادست
گر قسمتِ ما نداد شادی غم نیست
شادیم کہ غم ہزار چندان دادست

۱۵

مہ رُویوں کو جس نے لبِ خنداں بخشا
اور اہلِ جنوں کو دلِ سوزاں بخشا
کیا غم جو خوشی اپنے مقدّر میں نہیں
خوش ہیں کہ ہمیں رنجِ فراواں بخشا

ابر آمد و باز بر سر سبزہ گریست

بی بادۂ گلرنگ نمی باید زیست

این سبزہ کہ امروز تماشاگہِ ماست

تا سبزۂ خاکِ ما تماشاگہِ کیست

۱۶

یہ ابرِ گہربار یہ گلرنگ فضا

بے ساقی و مے ایسے میں جینا کیسا

ہے اب جو تماشاگہِ عالم سبزہ

کل خاک سے اپنی بھی یہ پیدا ہوگا

از منزلِ کفر تا بدین یک نفس است
وز عالمِ شک تا بہ یقین یک نفس است
این یک نفسِ عزیز را خوش میدار
چون حاصلِ عمرِ ما ہمین یک نفس است

۱۷

ہے فاصلۂ شک و یقیں ایک نفس
اور کفر سے منزل گہِ دیں ایک نفس
اس ایک نفس پر ہے مدارِ ہستی
خوش باش کہ ہے عمرِ حسیں ایک نفس

امروز کہ نوبتِ جوانیِ من است
مَی نوشم ازاں کہ کامرانیِ من است
عیبش مکنید گرچہ تلخ است خوش است
تلخ است ازاں کہ زندگانیِ من است

۱۸

امروز کہ معراجِ جوانی ہے مِری
ہاں جام پیئیں کہ کامرانی ہے مِری
تم عیب لگاتے ہو کہ ہے تلخ شراب
کیوں تلخ نہ ہو کہ زندگانی ہے مِری

ای پیغمبر این جسمِ مجسّم ہیچ است

وین دائرہ و سطحِ مخیّم ہیچ است

دریاب کہ در کشاکشِ موت و حیات

وابستۂ یک دمیم و آن ہم ہیچ است

۱۰۹

یہ جسمِ مجسّم کہ ہے آدم، ہے ہیچ

یہ ارض و مہ و مہر کا عالم ہے ہیچ

ہے کشمکشِ موت و حیات اک دم سے

یہ رشتۂ دم بھی مرے ہمدم ہے ہیچ

ای چرخِ فلک خرابی از کینۂ تست
بیدادگری پیشۂ دیرینۂ تست
ای خاک اگر سینۂ تو بشگافند
بس گوہرِ قیمتی کہ در سینۂ تست

۲۰

اے چرخ قیامت کا ہے کینہ تیرا
اِک جورِ مسلسل ہے قرینہ تیرا
خوں گشتہ نظر آئیں گے گوہر لاکھوں
اے خاک کریں چاک جو سینہ تیرا

ای دِل چو زمانہ می کند غمناکت

ناگہ برود زتن روانِ پاکت

بر سبزہ نشین و خوش بزی روزی چند

زاں پیش کہ سبزہ بردمد از خاکت

۲۰۱

تلخابۂ ہستی بھی گوارا کر لے

کیا جانیے کب جان جُدا ہو تن سے

آ بیٹھ کے سبزے پہ مناجشِ طرب

قبل اس سے کہ مٹی سے تری سبزہ اُگے

ای دِل چو نصیبِ تو ہمہ خون شدن است

احوالِ تو ہر لحظہ دگر گون شدن است

ای جان تو درین تنم چہ کار آمدۂ

چون عاقبتِ کارِ تو بیرون شدن است

۲۲

اے دِل کہ سدا غموں میں نہانا ہے تجھے

ہر آن نیا داغ اُٹھانا ہے تجھے

اے جان تو کس واسطے تن میں آئی

اِک روز جو تن چھوڑ کے جانا ہے تجھے

ای مردِ خرد حدیثِ فردا ہوس است

در دہر زدن لافِ سخنہا ہوس است

امروز چنین ہر کہ خردمند کس است

داند کہ ہمہ جہان چنین یک نفس است

۲۳

یہ تحیّر دنیا، یہ غلامانِ ہوس

کشور ے پہ کس، لاش پہ جیسے کرگس

اے اشکِ دوات میں بہکنے والو!

یہ عالمِ فانی ہے فقط ایک نفس

این کہنہ رباط را کہ عالم نام است

و آرام گہِ ابلقِ صبح و شام است

بزمیست کہ واماندۂ صد جمشید است

قصریست کہ تکیہ گہِ صد بہرام است

۴۴

جز مرگ نہیں زیست کا انجام یہاں

ہر شے ہے شکارِ سحر و شام یہاں

ٹوٹے ہیں یہاں سیکڑوں جامِ جمشید

ہیں خاک بسر سیکڑوں بہرام یہاں

ای وای بر آن دل کہ در و سوزی نیست

سودا زدۂ مہرِ دل افروزی نیست

روزی کہ تو بی عشق بسر خواہی کرد

ضائع تر از آن روز ترا روزی نیست

۳۵

اِنسان نہیں دِل میں اگر سوز نہیں

جاں باعثِ حسنِ دل افروز نہیں

وہ روز جو محرومِ تب و تاب رہے

بیکار تراس سے تو کوئی روز نہیں

گویند کسان بہشت با حور خوش است

من می گویم آبِ انگور خوش است

این نقد بگیر و دست از آن نسیہ بشوی

کآوازِ دہل شنیدن از دور خوش است

۳۶

مشتاق وہ جنّت میں لبِ حور کے ہیں

دِل باختہ ہم دخترِ انگور کے ہیں

ہاں نقد نہ کھو وعدۂ فردا پہ نہ جا

یہ ڈھول سہانے تو فقط دُور کے ہیں

ہر سبزہ کہ بر کنارِ جوئی رستہ است

گوئی ز لبِ فرشتہ خوئی رستہ است

پا بر سرِ سبزہ ، خواری نہ نہی

کاں سبزہ ز خاکِ لالہ روئی رستہ است

۲۷

گلشن میں یہ گلہائے بہاراں اے دوست

گل ہیں کہ لبِ لالہ عذاراں اے دوست

سبزے کو تو اس طرح سے ٹھکرا کے نہ چل

دراصل یہ ہے خاکِ نگاراں اے دوست

بسیار بگشتیم بگردِ درو دشت

اندر ہمہ آفاق بگشتیم و بگشت

از کس نشنیدیم کہ آمد زین راہ

راہی کہ برفت راہرو باز نگشت

۲۸

اسرار کے پردوں کو اُٹھانا کوئی

اور بعدِ فنا کیا ہے بتانا کوئی

دنیائے عدم کے تو مسافر ہیں سبھی

اے کاش مگر لوٹ کے آنا کوئی

مَی خورد کہ بر یزِ گِل بسی خواہی خفت

بی مونس و بی رفیق و بی ہمدم و جفت

زنہار بکس مگو تو این رازِ نہفت

ہر لالہ کہ پژ مُرد نخواہد بشگفت

۲۹

پی بادہ کہ سونا ہے تجھے زیرِ زمیں

پھر جام و سبو ہوں گے نہ ساقی نہ حسیں

آئے گا نہ پھر لوٹ کے یہ دورِ طرب

مُرجھائے ہوئے پھول بھی کھلتے ہیں کہیں

این کوزہ چو من عاشقِ زاری بودہ است
در بندِ سرِ زلفِ نگاری بودہ است
این دستہ کہ در گردنِ اومی بینی
دستی ست کہ در گردنِ یاری بودہ است

۳۰

یہ کوزۂ گِل عاشقِ کامل تھا کبھی
اور زلفِ گرہ گیر پہ مائل تھا کبھی
یہ دستۂ کوزہ تھا کبھی دستِ جواں
اور گردنِ ساقی میں حمائل تھا کبھی

بر چہرۂ گُل شبنمِ نوروز خوش است
در طرفِ چمن روی دل افروز خوش است
از دی کہ گذشت ہر چہ گوئی خوش نیست
خوش باش و ز دی مگو کہ امروز خوش است

۳۱

پھولوں پہ جو ہے شبنمِ نوروز ہے خوب
گلشن میں رُخِ یارِ دل افروز ہے خوب
ہاں گزرے ہوئے کل کا نہ کر ذکر کوئی
خوش باش تو امروز کہ امروز ہے خوب

دانندہ چو ترکیب طبائع آراست

از بہر چہ او فگندش اندر کم و کاست

گر نیک آمد شکستن از بہر چہ نواست

ور نیک نیامد این صور عیب کراست

۳۲

نقاش کا ہر نقش ہی فریادی ہے

یہ اہل صفا میں اس کی بنیادی ہے

گر خوب ہیں پھر ان کو مٹاتا کیوں ہے

گر خوب نہیں ہیں تو خطا کس کی ہے

یک جرعهٔ می ز ملکِ کاوس بهست

وز تختِ قباد و دستِ طوس بهست

هر آه که عاشق به سحرگاه کشد

از نالهٔ زاهدانِ سالوس بهست

در ہر دشتی کہ لالہ زاری بودست

آن لالہ ز خونِ شہریاری بودست

ہر برگِ بنفشہ کز زمین می روید

خالی ست کہ بر رخِ نگاری بودست

۳۴

صحرا میں جو ہے یہ لالہ زار اے ساقی

دراصل ہے خونِ شہریار اے ساقی

یہ برگِ بنفشہ جو زمیں سے پھوٹا

ہے خالِ رخِ لالہ عذار اے ساقی

ساقی گل و سبزہ بس طربناک شدست

دریاب کہ ہفتۂ دگر خاک شدست

می نوش و گلی بچین تا در نگری

گل خاک شدست و سبزہ خاشاک شدست

۳۵

ساقی گل و سبزہ کہ طربناک ہوئے

دو دن میں غضب سے خس و خاشاک ہوئے

ہاں جام اٹھا دیکھ کہ گلہائے حسیں

کھلنے بھی نہ پائے تھے کہ بس خاک ہوئے

یاد او نقش بر کلک محمود این است

تربیت کرده ای واژه ای است

بار ارزشت دگر بیگمان

بار تو شب باش زانکه مقصود این است

۳۶

ای جام آنکه ملک محمود بیه

تا سار الرب کین واژه بیه

از دل غم ماضی و فردا بیه غلط

خوش باش که پس زیست کامقصود بیه

[illegible]

[illegible]

[illegible]

(۳۶)

[illegible]

[illegible]

[illegible]

تا ہشیارم در طرب کم نقصان است

چون مست شوم غرور زمن پنہان است

حالی ست میانِ مستی و ہشیاری

من بندۂ آن کہ زندگانی آن است

۳۸

مستی تو خرد پہ ہے وبال اے ساقی

اور ہوش ہے مستی پہ زوال اے ساقی

جس حال میں مستی بھی ہو ہشیاری بھی

انساں کی ہے معراجِ کمال اے ساقی

برتر ز سپہر خاطرم روزِ نخست

لوح و قلم و دوزخ و جنّت می جست

پس گفت مرا معلّم از رای درست

لوح و قلم و بہشت و دوزخ باتست

۳۹

تھی روزِ ازل ہم کو حقیقت کی تلاش

لوح و قلم و دوزخ و جنّت کی تلاش

آئی یہ ندا کیجے جہاں دل میں

لوح و قلم و دوزخ و جنّت کی تلاش

"پاک از چراغ سبز وجودِ کنشت"

"پاچیدہ زبان دوزخ و دستورِ بہشت"

زد بر سرِ لوحِ ما بہ انگشتِ قضا

اندر ازل آنچہ بود نوشت

۴۰

یوں اگر سیرِ دیرِ نرم کہوتا ہے

یوں جنت و دوزخ کے لیے روتا ہے

جو روزِ ازل لوح پہ مرقوم ہوا

اے دوست بہر حال وہی ہوتا ہے

بیگانه اگر با گنه خویشتن من است

و خویشتن بیگانه و اندیشه من است

و ولایت تحت تریاق است

و اتفاق تحت تریاق است

(۴۰۱)

بگاه جرأت بے تالیف ہم

ولایت جاں اندیشی کے

گر نہ بر وفق ہو تو ہے وہ تریاق

اشیۂ دوا مفرد رسالہ شش جہت

جامی و مستی و ساقی برلبِ کشت

این جملہ مرا نقد و ترا نسیہ بہشت

مشنو سخنِ بہشت و دوزخ از کس

کہ رفت بدوزخ و کہ آمد ز بہشت

۴۲

یہ گُل یہ سبو اور یہ حسیں اے واعظ

یہ سب ہیں تو جنّت ہے یہیں اے واعظ

ہاں جنّتِ فردا ہو مبارک تجھ کو

گر تجھ کو ہے فردا کا یقیں اے واعظ

چندین غمِ مال و حسرتِ دنیا چیست

ہرگز دیدی کسی کہ جاوید بزیست

این یک دو نفس کہ در تنت عاریتی ست

با عاریتی عاریتی باید زیست

(۴۳)

اتنا غم سرمایۂ دنیا کیا ہے

کب زندگی جاوید کوئی رہتا ہے

یہ چند نفس عاریتاً تجھ کو ملے

تو ان کو عجب کیا ہے جو تجھے جینا ہے

خاری کہ بزیرِ پای ہر حیوانی ست

زلفِ صنمی و ابروی جانانی ست

ہر خشت کہ بر کنگرۂ ایوانی ست

انگشتِ وزیری و سرِ سلطانی ست

۴۴

یہ خار زمیں ابروئے جاناں تو نہیں

گیسوئے پریشانِ نگاراں تو نہیں

یہ خشت کہ ہے کنگرۂ ایواں پر

انگشتِ وزیر اور سرِ سلطاں تو نہیں

بنگر ز صبا دامنِ گل چاک شدست

بلبل ز جمالِ گل طربناک شدست

در سایۂ گل نشین که بسیار این گل

از خاک برآمد و در خاک شدست

۴۵

هنگام سحر دامنِ گل چاک ہوئے

[illegible]

[illegible]

چون آب بجوئ ما رو چون باد بدشت

روزِ دگر از عمرِ من و تو بگذشت

تا من باشم غمِ دو روزه نخورم

روزی که نیامدست و روزی که گذشت

۴۰۶

مانندِ صبا و موجِ دریا ساقی

اِک اور بھی دن عمر کا گزرا ساقی

خوش باش کہ ہے مشربِ رنداں میں حرام

ماضی کا قلق اور غمِ فردا ساقی

این بحرِ وجود آمدہ بیرون ز نہفت
کس نیست کہ این گوہرِ تحقیق بسُفت
ہر کس سخنی از سرِ سودا گفتند
زان روی کہ ہست کس نمی داند گفت

۴۷

ہستی کی حقیقت کو کوئی پا نہ سکا
اسرارِ ازل کوئی بھی سمجھا نہ سکا
اِس طرح عدم سے ہوا پیدا یہ جہاں
اس گتھی کو اب تک کوئی سلجھا نہ سکا

تا چند ز نیم بردی دریا با خشت

بیزار شدم ز بت پرستان و کنشت

خیّام کہ گفت دوزخی خواہد بود

کہ رفت بدوزخ و کہ آمد ز بہشت

۴۸

کیا روکیں گے سیلاب کو بندِ گِل و خشت

یہ دیر و حرم اور کلیسا و کنشت

خیّام کو دوزخ سے ڈرانے والے

دیکھی ہے کسی نے بھی جہنّم و بہشت

چون آمدنم بمن نبُد روزِ نخست
وین رفتن بی مراد و عزمی ست درست
برخیز و میان ببند ای ساقیِ چست
کاندوہِ جہان بمی فرو خواہی شست

۴۹

ازم سے ہی دنیا میں بھی آئے انساں
اور ازم نہ چاہے تو بھی جائے انساں
ہاں جامِ طرب اُٹھا کہ ازم تو نہیں
بارِ غمِ ہستی بھی اُٹھائے انساں

تا باز شناختم من این پائے ز دست

این چرخِ فرومایہ مرا دست بہ بست

افسوس کہ در حساب خواہند نہاد

